سوال

(04) پیشنگوئی خبر غیب ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آیندہ کے واقعات امت کو بتلائے ہیں۔ وہ مغیبات ہیں یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو آئندہ کے واقعات امت کو بتلائے ہیں۔ وہ مغیبات ہیں مگر اس سے تو بجائے علم غیب ثابت ہونے کے الٹا اعتراض وارد ہوتا ہے کہ پھر امت بھی عالم الغیب ہوگئی۔ اگر کہا جائے کہ امت عالم الغیب اس لئے نہیں۔ کہ ان کو نبی نے بتایا ہے تو اس پر کہنے والا کہہ سکتا ہے کہ نبی کو وحی نے بتایا ہے پس نبی بھی عالم الغیب نہ رہا۔ (فتاوی روپڑی جلد اول ص ۲۱۳)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد 10 ص 16

محدث فتویٰ